© rasailojaraid.com



کیا ہے۔ جس سے اشعار کے سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

**دیس کی لیلا** | ازمیاں عبدالمجید صاحب بھٹی اڈیٹر رسالہ ہونہار لاہور تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۴ر پتہ :۔ ہونہار بک ڈپو لاہور۔

یہ بھٹی صاحب کے گیتوں کا دوسرا مجموعہ ہے۔ موضوع ان سب گیتوں کا ایک ہی ہے یعنی" وطن کی محبت"، بھٹی صاحب نے اس مجموعہ میں جو کچھ کہا ہے وہ کسی شاعر کی نقالی نہیں ہے بلکہ موضوعِ فکر کو پوری طرح محسوس کر کے کہا ہے، خیالات سیدھے سادے ہیں، زبان ہندی آمیز ہے جو اس قسم کی نظموں کے لئے زیادہ موزوں ہے۔ الفاظ میں ایک خاص قسم کا ترنم اور موسیقیت ہے۔ امید ہے کہ بھٹی صاحب آئندہ اور اس سے زیادہ بہتر نظمیں اور گیت پیش کر سکیں گے۔

**آئینۂ اسلام** | مرتبہ مولوی عبداللہ صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۲۸ صفحات طباعت وکتابت اور کاغذ متوسط۔ پتہ :۔ شیخ انتظام احمد صاحب بمبئی والا صدر بازار میرٹھ۔

اس رسالہ میں سوال وجواب کے طور پر یہ سمجھایا گیا ہے کہ اسلام کیا ہے؟ عقائد واعمال کی کیا حقیقت ہے؟ ایمان کی تعریف کیا ہے؟ اس کے اجزا کیا کیا چیزیں ہیں؟ ان کے علاوہ بعض کلامی مسائل مثلاً جبر وقدر اور خلق افعال کا مسئلہ اور مختلف کاموں کے لئے مختلف دعائیں۔ اور درود شریف وغیرہ کا بھی بیان ہے عام مسلمانوں کے لئے اس رسالہ کا مطالعہ مفید ہوگا۔ افادۂ عام کے لئے جناب ناشر کا اعلان ہے کہ جو صاحب چاہیں اس کو چھپوا کر مسلمانوں میں تقسیم کرا سکتے ہیں۔

**فلسفۂ نماز** | ازمولوی نذر احمد صاحب نگینوی تقطیع خورد ضخامت ۷۰ صفحات طباعت وکتابت اور کاغذ عمدہ قیمت ار پتہ :۔ دارالہدایت شکوہ آباد (یو۔پی)

اس رسالہ میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے یہ بتایا گیا ہے کہ نماز کیا چیز ہے؟ اس کی روح کیا ہے؟ یہ کس طرح پڑھی جاتی ہے؟ اس میں کیا کیا پڑھا جاتا ہے؟ اس کے فوائد کیا ہیں؟ نماز کے کلمات اور سورتوں اور دعاؤں کا مفہوم کیا ہے؟ نماز کے ذریعہ خدا ہم سے کس چیز کا مطالبہ کرتا ہے؟ اس رسالہ کے ذریعہ بچوں اور ناواقف لوگوں کو نماز کی حقیقت سمجھانا بہت مفید ہوگا



© rasailojaraid.com